Online-www.dailysaafsaaf.com Email-dailysaafsaaf@yahoo.com
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED رحیم یارخان کا کثیرالاشاعت روزنامہ
Daily SAAF SAAF Rahim Yar Khan
روزنامہ صاف صاف رحیم یارخان پاکستان
چیف ایڈیٹر حبیب اللہ ملک
ایڈیٹر: انجینئر شہریار ملک
0345/0334-8676363
جلد نمبر 25 | بروز اتوار 25 جنوری 2026ء 05 شعبان 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 179

صوبائی کابینہ کا 32 واں اجلاس' زرعی اراضی، روزگار اور تحصیلوں میں الیکٹرو بس، سینکڑوں آسامیوں کی منظوری' کاشت کیلئے سرکاری زمین دینے کیلئے فوری اقدامات کی ہدایت

مریم نواز کا "اپنا کھیت اپنا روزگار" پروگرام شروع کرنے کا فیصلہ

مزارع بن کر دوسروں کی زمینوں پر ہل چلانے والے کسانوں کو وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا اپنے کھیتوں کے مالک بنانے کا تاریخی فیصلہ کیا گیا' پنجاب کی زرعی سرکاری اراضی اب اشرافیہ کے لئے نہیں

غریب کے روزگار کے لیے وقف ہوگی' پنجاب میں نوجوانوں کے لئے سی سی ڈی، ایکسائز، ٹورازم پولیس، ہوم ڈیپارٹمنٹ اور دیگر میں سینکڑوں آسامیوں کی منظوری دی گئی' پنجاب میں نیا سفری

انقلاب' اضلاع کے بعد اب تحصیل میں بھی شاندار گرین بس چلیں گی' صوبائی کابینہ کے اجلاس میں الیکٹرو بس سروس میں 25 مارچ سے کیش لیس ادائیگی سسٹم نافذ کرنے کا فیصلہ کیا گیا

کیش ادائیگی کی صورت میں مسافر کو الیکٹرک بس میں زیادہ کرایہ ادا کرنے پڑیگا' کابینہ کی ٹی کیش کارڈ، بنک کارڈ سسٹم نافذ کرنے کی منظوری: وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت اجلاس میں فیصلے

لاہور (چینڈ آؤٹ) پنجاب میں کسان کو سرکاری زمین، نوجوان کو روزگار، مسافر کو سہولت، مریض کو بہترین علاج، تاجر کو آسانی، اضلاع کے بعد تحصیلوں میں بھی الیکٹرک بسیں چلیں گی۔ مزارع بن کر
باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 2

لاہور: وزیراعلیٰ مریم نواز شریف پنجاب کابینہ کے 32 ویں اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں۔

ملکی سلامتی پر کسی سے درس لینے کے محتاج نہیں: احسن اقبال

جس عمل پر فلسطین کی عوام نے جشن منایا ہم اس پر تنقید کر رہے ہیں

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر اور مسلم لیگ ن کے رہنما احسن اقبال نے سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان کی
باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 3

عبداللہ شفیق کی جانب سے سیاسی، کاروباری شخصیات کے اعزاز میں ناشتہ

صنعت وتجارت کے فروغ کیلئے ہر ممکن تعاون جاری رکھا جائے گا: شرکاء

رحیم یارخان (سٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر نور فوڈز (القیوم فلور ملز) وخلیل فلور ملز چوہدری عبداللہ شفیق کی جانب سے دی گئی پرتکلف
باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 4

ڈپٹی کمشنر ظہیر انور جپہ کی زیر صدارت شوگر کین سیزن کے انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے اہم اجلاس' شوگر ملز کے نمائندگان کو گنے کی خریداری اور کاشتکاروں کو ادائیگیاں مقررہ شیڈول کے مطابق یقینی بنائی جانے کی سختی سے ہدایت

کاشتکاروں کے حقوق کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے

ضلع میں شوگر کین سیزن جاری ہے اور اس کی کڑی مانیٹرنگ کی جا رہی ہے تاکہ کاشتکاروں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے' کاشتکار ضلع کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں' گنے کی وزن میں کمی، کٹوتی یا ادائیگی میں تاخیر کی شکایات پر زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی اور خلاف ورزی

کی صورت میں متعلقہ مل کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کسی بھی صورت تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی' اجلاس کے دوران کاشتکاروں کی جانب سے گنے کی بروقت کٹائی، ٹرانسپورٹیشن، پرچیز سینٹرز پر سہولیات اور ادائیگیوں سے متعلق مختلف مسائل کی نشاندہی کی گئی

ڈپٹی کمشنر نے تمام شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ کاشتکاروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں اور فیلڈ میں مؤثر مانیٹرنگ کو مزید بہتر بنایا جائے' متعلقہ محکموں کو شوگر ملز کے ساتھ مسلسل رابطہ رکھا جائے، پرچیز سینٹرز پر سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنانے اور کسی بھی شکایت کی

صورت میں فوری کارروائی کر کے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت' حکومت پنجاب کی پالیسی کے مطابق شوگر کین سیزن کے دوران شفافیت اور نظم وضبط کو یقینی بنایا جائے گا' اجلاس میں شوگر ملز، کسان تنظیموں کے نمائندگان، محکمہ زراعت، فوڈ ڈیپارٹمنٹ اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران کی شرکت

رحیم یارخان (چینڈ آؤٹ) ڈپٹی کمشنر ظہیر انور جپہ کی زیر صدارت ضلع میں جاری شوگر کین سیزن کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں شوگر ملز، کسان تنظیموں کے نمائندگان، محکمہ زراعت، فوڈ ڈیپارٹمنٹ اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر ظہیر انور جپہ نے کہا کہ ضلع میں شوگر کین سیزن جاری ہے اور اس کی کڑی مانیٹرنگ کی جا رہی ہے تاکہ کاشتکاروں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے شوگر ملز کے نمائندگان کو سختی سے ہدایت کی کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق گنے کی خریداری اور کاشتکاروں کو ادائیگیاں مقررہ
باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 1

وزیراعلیٰ سندھ کا گل پلازہ کی دوبارہ تعمیر، ہر دکاندار کو 5 لاکھ روپے دینے کا اعلان

گل پلازہ سانحہ نے پورے ملک کو غمگین کر دیا' ایسے واقعات دنیا بھر میں ہوتے ہیں' روک تھام کیلئے کچھ کرنا ہوگا

کمی یا کوتاہیوں پر مکمل انکوائری ہو رہی ہے' مقدمہ درج ہوگا' سانحہ پر سیاست کسی کو نہیں کرنی چاہیے: مراد علی شاہ

کراچی (نیوز ڈیسک) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے گل پلازہ کے ہر دکان دار کو پہلے مرحلے میں پانچ لاکھ روپے دینے اور گل
باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 5

پولیس تحفظ مرکز اور کارکمال فاؤنڈیشن کی جانب سے بیوگان کو راشن دیا گیا

پبلک ریلیشن آفیسر ذیشان محمود رندھاوا اور چیف سکیورٹی آفیسر ذیشان محسن نے بیگ تقسیم کیے

رحیم یارخان (چینڈ آؤٹ) پولیس تحفظ
باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 6

رحیم یارخان: چیف سکیورٹی آفیسر ذیشان محسن رندھاوا اور پی آر او ذیشان محمود رندھاوا بیوگان میں راشن بیگ تقسیم کرتے ہوئے

کسی بھی محکمہ میں غفلت یا بدعنوانی ہرگز برداشت نہیں کی جائیگی: ڈپٹی کمشنر

کرپشن کے خاتمے اور عوام کو فوری اور شفاف سرکاری سہولیات کی فراہمی کے لیے ای بز پورٹل کا اجرا کیا گیا ہے

بعض بلڈنگ انسپکٹرز اور دیگر اہلکار ای بز پروگرام میں رکاوٹیں ڈال رہے' آوارہ سگاں تلفی مہم کے حوالے سے فیلڈ میں کارکردگی تسلی بخش نہیں

رحیم یارخان (چینڈ آؤٹ) ڈپٹی کمشنر ظہیر انور جپہ کی زیر صدارت ای بز پورٹل، بٹی بیوٹیفیکیشن، سیوریج، صفائی ستھرائی، آوارہ سگاں کی تلفی اور میونسپل سروسز کی بہتری سے متعلق امور کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) لاریب اسلم، تمام اسسٹنٹ کمشنرز، ضلع کی میونسپل کمیٹیوں کے چیف افسران، ایم ڈی واسا سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے کہا
باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 7

ڈپٹی کمشنر ظہیر انور جپہ ای بز پورٹل، بٹی بیوٹیفیکیشن، آوارہ سگاں کی تلفی اور میونسپل سروسز کی بہتری سے متعلق امور کا جائزہ لینے کیلئے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

رحیم یارخان: ڈپٹی کمشنر ظہیر انور جپہ ضلع میں جاری شوگر کین سیزن کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

مریم نواز کا پنجاب میں تین روزہ بسنت فیسٹول کا اعلان

6، 7 اور 8 فروری کو پہلی مرتبہ گورنمنٹ اسپانسرڈ اور آرگنائزڈ بسنت منانے جا رہے ہیں

لاہور (نیوز ڈیسک) پنجاب کی وزیراعلیٰ
باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 8

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی بھی بے سود' مہنگائی عروج پر

ضلعی انتظامیہ، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس، مارکیٹ کمیٹی حکام عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام

رحیم یارخان (سٹاف رپورٹر) پٹرولیم
باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 9

سالی سے زیادتی' ملزم بہنوئی کو عمر قید اور ایک لاکھ جرمانے کی سزا

تھانہ کوٹ سمابہ کے مقدمہ نمبر 550/24 میں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے فیصلہ سنایا

رحیم یارخان (کرائم رپورٹر) سالی کے
باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 10

ٹریفک ایجوکیشن یونٹ کی گورنمنٹ بوائز کمپری ہنسو سکول میں آگاہی لیکچر

یاد رکھیں: ایک لمحے کی لاپرواہی پوری زندگی کا پچھتاوا بن سکتی ہے

رحیم یارخان (چینڈ آؤٹ) ڈسٹرکٹ
باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 11

رحیم یارخان: ایس پی شاہد نذیر ہیڈ کانسٹیبل شہید ممتاز کی بیٹی کو محکمہ کی طرف سے لیپ ٹاپ دیتے ہوئے

شہید ہیڈ کانسٹیبل کیلئے آئی جی پنجاب پولیس نے لیپ ٹاپ بھجوا دیا

ایس پی شاہد نذیر نے لیپ ٹاپ ممتاز شہید کی بیٹی کے سپرد کر دیا' نیک خواہشات کا اظہار

رحیم یارخان (چینڈ آؤٹ) شہید ہیڈ کانسٹیبل کے لیے آئی جی پنجاب پولیس نے لیپ ٹاپ بھجوا دیا، ایس پی شاہد نذیر نے لیپ
باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 12

ایس پی انویسٹی گیشن کی تھانہ بی ڈویژن اور اقبال آباد میں کھلی کچہریاں

درخواستیں سنیں' مسائل اور شکایات کے ازالہ کے لیے احکامات جاری

رحیم یارخان (چینڈ آؤٹ) ایس پی انویسٹی گیشن شاہد نذیر تھانہ سٹی بی ڈویژن اور اقبال آباد میں کھلی کچہریاں درخواستیں سنیں احکامات جاری کیے۔ حکومت و آئی جی پنجاب پولیس ڈاکٹر عثمان انور کی پبلک آؤٹ
باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 13

رحیم یارخان: ایس پی انویسٹی گیشن شاہد نذیر تھانہ اقبال آباد اور سٹی بی ڈویژن میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی درخواستیں سنتے ہوئے

عمدہ اور لذیذ مٹھائیوں کا مرکز
جالندھر سویٹس اینڈ بیکرز
شاہی روڈ رحیم یار خان' فون 068-5885900

ڈاکٹر حکیم حافظ محمد وسیم صادق
ماہر امراض جلد
بی یو ایم ایس (پنجاب) آر یو ایم پی (پاکستان)
ڈی ایچ ایم ایس (پنجاب) آر ایچ ایم پی (پاکستان)
طاہر ہومیو سٹور اینڈ ہسپتال
بانو بازار رحیم یار خان' فون:068-5878320,5877170

بقیہ نمبر 01

شیڈول کے مطابق یقینی بنائی جائیں اور کسی بھی صورت تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ کاشتکار ضلع کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں اور ان کے حقوق کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ گنے کی وزن میں کمی، کٹوتی یا ادائیگی میں تاخیر کی شکایات پر زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی اور خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ مل کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔اجلاس کے دوران کاشتکاروں کی جانب سے گنے کی بروقت کٹائی، ٹرانسپورٹیشن، پرچیز سینٹرز پر سہولیات اور ادائیگیوں سے متعلق مختلف مسائل کی نشاندہی کی گئی۔ڈپٹی کمشنر نے تمام شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ کاشتکاروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں اور فیلڈ میں موثر مانیٹرنگ کو مزید بہتر بنایا جائے۔ڈپٹی کمشنر ظہیر انور جپہ نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ شوگر ملز کے ساتھ مسلسل رابطہ رکھا جائے، پرچیز سینٹرز پر سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے اور کسی بھی شکایت کی صورت میں فوری کارروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے۔انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کی پالیسی کے مطابق شوگر کین سیزن کے دوران شفافیت اور نظم وضبط کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ کاشتکاروں کو ان کی محنت کا بروقت معاوضہ مل سکے۔

بقیہ نمبر 02

دوسروں کی زمینوں پر ہل چلانے والے کسانوں کو وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا اپنے کھیتوں کے مالک بنانے کا تاریخی فیصلہ کیا گیا۔پنجاب کی زرعی سرکاری اراضی اب اشرافیہ کے لیے نہیں،غریب کے روزگار کے لیے وقف ہوگی۔پنجاب میں نوجوانوں کے لئے سی سی ڈی، ایکسائز، ٹورازم پولیس، ہوم ڈیپارٹمنٹ اور دیگر میں سینکڑوں آسامیوں کی منظوری دی گئی۔وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت پنجاب کابینہ کا 32ویں اجلاس،تاریخی فیصلے، نئے پراجیکٹس اور ترقی کا نیا روڈ میپ پیش کیا گیا۔پنجاب میں نیا سبز انقلاب اضلاع کے بعد اب تحصیل میں بھی شاندار گرین بس چلیں گی۔پنجاب میں "اپنا کھیت، اپنا روزگار پروگرام" شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کے 32ویں اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ صوبے بھر میں زرعی سرکاری اراضی کاشت کے لئے دی جائے گی۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے 50ہزار افراد کو کاشت کے لئے سرکاری زمین دینے کے لئے فوری اقدامات کی ہدایت کی۔اجلاس میں تحصیلوں میں الیکٹرو بس سروس شروع کرنے کے لئے ایک ہزار گرین بسیں منگوانے کی ہدایت کی گئی۔صوبائی کابینہ کے اجلاس میں الیکٹرو بس سروس میں 25مارچ سے کیش لیس ادائیگی سسٹم نافذ کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔کیش ادائیگی کی صورت میں مسافر کو الیکٹرک بس میں زیادہ کرایہ ادا کرنے پڑے گا۔کابینہ نے ٹی کیش کارڈ، بینک کارڈ سسٹم 25مارچ سے نافذ کرنے کی منظوری دے دی۔اجلاس میں تاجر طبقے کے لئے قوانین میں آسانی پیدا کرنے کے لئے اقدامات کی ہدایت کی گئی۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کے تمام اضلاع میں ہارس اینڈ کیٹل شو کرانے کی ہدایت کی اور ہر ضلع میں ہارس اینڈ کیٹل شو کی طرز پر تقریبات منعقد کرانے کا حکم دیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب میں ہر شخص کو اس کا حق دے رہے ہیں، ہر سہولت شہر سے تحصیل اور تحصیل سے گاؤں تک پہنچ رہی ہے۔کابینہ اجلاس میں مری میں برفباری کے دوران سڑک کلیئر کرانے پر خاتون ایکسین کو شاباش دی گئی۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مری کے علاوہ نئے سیاحتی مقامات متعارف کرانے کی ہدایت کی۔پنجاب کابینہ میں دو سال میں ایک ملین نوکریاں اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے پر خراج تحسین کیا گیا۔اجلاس میں ایکسائز ٹیکسیشن اور نارکوٹکس کنٹرول میں 216خالی آسامیوں پر کانسٹیبل بھرتی کی منظوری دی گئی۔کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کے لیے 1000نئی آسامیوں کی منظوری دی گئی۔ٹورازم پولیس کے لیے 980 نئی آسامیوں کی منظوری دی گئی۔انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ انوویشن ڈیپارٹمنٹ میں نئی آسامیوں کی منظوری دی گئی۔ٹی ڈی سی پی میں کنٹریکٹ کی بنیاد پر آسامیوں کی منظوری دی گئی۔کابینہ اجلاس میں سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے آئی سی ٹی سیل کے ملازمین کو ملازمت جاری رکھنے کی منظوری دی گئی۔ٹورازم آرکیالوجی، میوزیم اور ملحقہ ڈیپارٹمنٹ میں بھرتیوں کے لئے پابندی میں نرمی کی منظوری دی گئی جبکہ موٹر وہیکل آرڈیننس میں ترمیم کے بعد 16سے 18سال کے لیے ڈرائیونگ پرمٹ مل

سکے گا۔اجلاس میں سرکاری میڈیکل یونیورسٹیز کے وائس چانسلر کی سلیکشن کے قواعد وضوابط اور اوقاف ڈیپارٹمنٹ میں ڈائریکٹر ایگریکلچر کی آسامی کی منظوری دی گئی۔اجلاس میں بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ پنجاب میں کچے کے علاقے سے 141ڈاکو سرنڈر کر چکے ہیں۔تھرمل ڈرون اور کیمرے کے ذریعے سندھ سے لائے جانے والے یرغمالیوں کی نشاندہی کر کے رہائی ممکن ہوئی۔پوٹھوہار ریجن میں بارش کی وجہ سے گندم کی فصل بہتر ہونے کا امکان ہے۔صوبائی کابینہ نے سکول مینجمنٹ کونسل پالیسی میں ترامیم کی منظوری دے دی۔یونیورسٹی آف پنجاب کے پوٹھوہار کیمپس گوجر خان میں قیام کی منظوری دی گئی۔پیرا ویٹرنری فیلڈ سٹاف کیلئے فکسڈ ٹریولنگ الاؤنس 2ہزار ماہانہ سے 4ہزار روپے کرنے کی منظوری دی گئی۔ڈیلر وہیکل رجسٹریشن سسٹم (DVRS) ایکسائز، ٹیکسیشن اور نارکوٹکس کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کے ملازمین کی سروس میں توسیع کی منظوری دی گئی۔اجلاس میں موٹر ٹرانسپورٹ مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم، ایکسائز، ٹیکسیشن اور نارکوٹکس کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کے ملازمین کی سروس میں توسیع دی گئی۔وزیراعلیٰ اور کابینہ نے صوبائی معاون خصوصی شعیب مرزا کو مہار کہادوی اور مانیٹرنگ کے لئے کاوشوں کو سراہا۔کابینہ نے مری میں برفباری کے دوران خدمات سرانجام دینے پر صوبائی وزیر ملک صہیب احمد اور ان کی ٹیم کو شاباش دی۔صوبائی کابینہ کے اجلاس میں وقف، ٹرسٹ اور کوآپریٹو سوسائٹیز ایکٹ2024، کے انتظامی امور سے متعلق مسودے کی منظوری دی گئی۔پرائس کنٹرول اور کموڈیٹیز مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی تنظیم نو کی منظوری دی گئی۔پنجاب میڈیکل اینڈ ہیلتھ انسٹی ٹیوشنز ایکٹ، 2003 کے تحت فاطمہ جناح انسٹی ٹیوٹ آف ڈینٹل سائنسز، جوڈیشل ٹاؤن، لاہور خودمختار علمی ادارے کے قیام کی منظوری دی گئی۔ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی اٹک کے اکاؤنٹ سے ٹی ایچ کیو جنڈ کی اراضی کے لئے فنڈز کی منظوری دی گئی۔اجلاس میں ورلڈ بینک کے مالی تعاون سے چلنے والے پنجاب انکلوسیو سٹیز پروگرام (PICP) کے لیے پراجیکٹ معاہدے پر دستخط کے اختیار کی منظوری دی گئی۔شریمپ سٹیٹ پراجیکٹ کے انرجی سیکٹر میں مشینری اور ضروری آلات کی خریداری کے لئے متبادل طریقہ کار کی منظوری دی گئی۔اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کی منظوری دی گئی۔لاہور میں الیکٹرک بسوں کے آپریشن جاری کرنے کے لئے پنجاب ٹرانسپورٹ کمپنی کو سالانہ سبسڈی اور گرانٹ کی منظوری دی گئی۔صوبائی کابینہ کے اجلاس میں پنجاب کے مختلف شہروں میں الیکٹرک بسوں کے آپریشن جاری رکھنے کے لئے پی ٹی سی کو سالانہ سبسڈی اور گرانٹ کی منظوری دی گئی۔منڈی بہاؤالدین میں چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے قیام کے لئے مالی معاونت کی منظوری دی گئی۔پنجاب ایگریکلچر، فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی کے لئے الیکٹرک گاڑیاں خریدنے کے لئے 6 کروڑ29 لاکھ روپے کی منظوری دی گئی۔اجلاس میں پنجاب فوڈ اتھارٹی کیلئے ضمنی گرانٹ، ہوم ڈیپارٹمنٹ کیلئے اضافی فنڈز، سپیشل برانچ کے لئے جی ایس ایم لوکیٹر خریدنے اور رائیونڈ تبلیغی مرکز کے ایریا میں چار ترقیاتی سکیموں کی منظوری دی گئی۔سی سی ڈی کے افسروں اور ملازمین کو کیش ایوارڈ دینے کی منظوری دی گئی۔کالعدم جماعت کے احتجاج کے دوران جلائی جانے والی گاڑیوں کی مرمت اور تبدیلی کے لئے فنڈز کی منظوری دی گئی۔صوبائی کابینہ نے پنجاب کے بڑوں ہسپتالوں کے آئی سی یو کے لئے وینٹی لیٹر خریداری کی منظوری دے دی۔گرفتار قیدیوں کو کھانے مہیا کرنے کے لئے فنڈز کی منظوری دی گئی۔لاہور کے اہم مقامات پر سی سی ٹی وی کیمرے نصب کرنے کے لئے فنڈز کی منظوری دی گئی۔وزیراعلیٰ پنجاب اعزازیہ پروگرام برائے امام مسجد صاحبان کو اعزازیہ کی ادائیگی کے لئے قانونی امور کی منظوری دی گئی۔پنجاب پراونشل کوآپریٹو بنک لمیٹڈ کی ری سٹرکچرنگ کی منظوری دی گئی۔اجلاس میں ایکوا کلچر اینڈ فشریز ڈیپارٹمنٹ کو فنڈز مہیا کرنے کی منظوری دی گئی۔سالانہ ترقیاتی پروگرام کے لئے اضافی وسائل مہیا کرنے کی منظوری دی گئی۔سالانہ ترقیاتی پروگرام میں ترقیاتی سکیموں میں تبدیلیوں اور شمولیت کی منظوری دی گئی۔گوجر خان میں بس شیلٹر، ڈویژنل آفس، بس ڈپو اور ای بسوں کی سکیم کو مالی سال میں شامل کرنے کی منظوری دی گئی۔پلیسر گولڈ مائننگ کے لئے کیپسٹی بلڈنگ کی منظوری دی گئی۔آبادیوں اور زرعی اراضی کو دریائی سیلاب سے بچانے کے لئے حفاظتی اقدامات کی منظوری دی گئی۔سی ایم لیپ ٹاپ سکیم کے تحت لیپ ٹاپ خریداری کی منظوری دی گئی۔پراجیکٹ ایمپلی منٹیشن لیٹر

رحیم یار خان: تھانہ آباد پور پولیس کی کارروائی میں برآمد ہونے والی سینکڑوں کپی شراب

رحیم یار خان: پولیس افسران وجوان چرچ پر چاق و چوبند سکیورٹی فرائض سرانجام دیتے ہوئے

رحیم یار خان: تھانہ کوٹ سبزل پولیس کی کارروائی میں گرفتار منشیات فروش جبکہ برآمدگی موجود ہے

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

چیف ایڈیٹر و پبلشر حبیب اللہ ملک نے پرنٹر عرفان علی انکا ر خزینہ پرنٹنگ پریس ریلوے روڈ رحیم یار خان سے چھپوا کر 1373 آئی اے بلاک VI سیٹلائٹ ٹاؤن رحیم یار خان سے شائع کیا۔
آفس کمرشل ایریا 2 خواجہ بنگلوز پلاٹ 31 عباسیہ ٹاؤن رحیم یار خان 0300-9671543 068-5959781